اشاعت کا تیسرا سال

ہفت روزہ

WILAYAT TIMES

ولایت ٹائمز

سرینگر

اللہ کی ولایت مومنین اور متقین پر ہے وہ انہیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے

جلد:3 ☆ شمارہ نمبر:04 ☆ تاریخ:27 مارچ تا 2 اپریل 2017ء بمطابق 28 جمادالثانی تا 05 رجب 1438ھ ☆ صفحات:8

قائد اعظم علی محمد جناحؒ

پیدائش سے وفات تک کا سفر

اور قیام پاکستان

ولایت ٹائمز خصوصی رپورٹ

> آپ ریاست پاکستان میں آزاد ہیں کہ چاہیں تو اپنے مندر میں جائیں یا اپنے مسجد میں اور یا اپنے کسی دوسرے عبادت کے جگے میں۔۔۔آپکا تعلق بھلے ہی کسی مسلک یا عقیدے سے ہو۔۔اس سے ریاست کا کوئی لینا دینا نہی۔۔میرا خیال ہے کہ ہمیں اپنے سامنے اس بات کو نظریہ سمجھ کر رکھنا چاہیے اور آپ دیکھیں گے کہ ہندو ہندو اور مسلمان، مسلمان رہیں گے کیونکہ یہ ہر انفرادی بندے کا ذاتی عقیدہ ہے۔

محمد علی جناح دنیا کے ایک نامور وکیل، سیاست دان اور بانی پاکستان تھے۔ محمد علی جناح 1913ء سے لے کر پاکستان کی آزادی (14 اگست 1947ء) تک آل انڈیا مسلم لیگ کے سربراہ رہے، پھر قیام پاکستان کے بعد اپنی وفات تک، وہ ملک کے پہلے گورنر جنرل رہے۔ سرکاری طور پر پاکستان میں آپ کو قائد اعظم یعنی سب سے عظیم رہبر اور بابائے قوم یعنی قوم کا باپ بھی کہا جاتا ہے۔ جناح کا یوم پیدائش پاکستان میں قومی تعطیل کے طور پر منایا جاتا ہے۔

کراچی کے پیدائشی اور لنکن ان سے بیرسٹری کی تربیت حاصل کرنے والے جناح، بیسویں صدی کے ابتدائی دو عشروں میں آل انڈیا کانگریس کے اہم رہنما کے طور پر ابھرے۔ اپنی سیاست کے ابتدائی ادوار میں انہوں نے ہندو مسلم اتحاد کے لئے کام کیا۔ 1916ء میں آل انڈیا مسلم لیگ اور آل انڈیا کانگریس کے مابین ہونے والے میثاق لکھنو کو مرتب کرنے میں بھی انہوں نے اہم کردار ادا کیا۔

جناح آل انڈیا ہوم رول لیگ کے اہم رہنماوں میں سے تھے، انہوں نے چودہ نکات بھی پیش کئے، جن کا مقصد ہندوستان کے مسلمانوں کے سیاسی حقوق کا تحفظ کرنا تھا۔ بہرکیف جناح 1920ء میں آل انڈیا کانگریس سے مستعفی ہو گئے، جس کی وجہ آل انڈیا کانگریس کے موہن داس گاندھی کی قیادت میں ستیا گرا کی مہم چلانے کا فیصلہ تھا۔

1940ء تک جناح کو یہ یقین ہو چلا تھا کہ ہندوستان کے مسلمانوں کو ایک علاحدہ وطن کی جدوجہد کرنی چاہیے۔ اسی سال، مسلم لیگ نے جناح کی قیادت میں قرارداد پاکستان منظور کی جس کا مقصد نئی مملکت کی قیام کا مطالبہ تھا۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران، آل انڈیا مسلم لیگ نے مضبوطی پکڑلی جبکہ ان ادوار میں کانگریس کے کئی رہنما قید کاٹ رہے تھے، اور جنگ کے ختم ہونے کے مختصر عرصے میں ہی انتخابات کا انعقاد ہوا، جس میں جناح کی جماعت نے مسلمانوں کے لئے مختص نشستوں میں سے بڑی تعداد جیت لی۔ اس کے بعد آل انڈیا کانگریس اور آل انڈیا مسلم لیگ متحدہ ہندوستان میں اختیارات کے توازن کے لئے کسی صیغے پر متفق نا ہو سکے نتیجتاً تمام جماعتیں اس امر پر متفق ہو گئیں کہ ہندوستان کے دو حصے کئے جائیں جن میں ایک مسلم اکثریتی علاقوں میں پاکستان جبکہ باقی ماندہ علاقوں میں بھارت کا قیام ہو۔

پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کے طور پر علی محمد جناح نے اپنی حکومتی پالیسیوں کے قیام کے لئے کام کیا نیز انہوں نے ان لاکھوں لوگوں کے بہبود اور آبادکاری کے لئے بھی کام کیا جو تقسیم ہند کے بعد پاکستان کی جانب ہجرت کر چلے تھے، انہوں نے ان مہاجر کیمپوں کی ذاتی طور پر دیکھ بھال کی۔ جناح 71 سال کے عمر میں انتقال کر گئے جبکہ ان کے نوزائیدہ ملک کو سلطنت برطانیہ سے آزاد ہوئے محض ایک سال کا عرصہ ہوا تھا۔

ابتدائی سال: جناح کا پیدائشی نام محمد علی جناح بھائی تھا اور وہ غالباً 1876ء میں ایک کرائے کے مکان وزیر مینشن کراچی کے دوسری منزل میں، جناح بھائی پونجا اور ان کی بیوی مٹھی بائی کے ہاں پیدا ہوئے۔ جناح کی جائے پیدائش پاکستان میں ہے لیکن یہ اس دور میں بمبئی کا حصہ ہوا کرتا تھا۔ جناح کا تعلق گجراتی خوجا اسماعیلی پس منظر سے تھا، لیکن بعد میں انہوں نے بارہ اثنا عشری مسلک اختیار کر لیا۔ جناح کا تعلق ایک متوسط آمدنی والے گھرانے سے تھا۔ ان کے والد ایک تاجر تھے جو نوابی ریاستیں گونڈل (کاٹھیاواڑ، گجرات) کے گاؤں پنیلی میں ایک جولاہا خاندان میں پیدا ہوئے تھے ان کی والدہ کا تعلق بھی اسی گاؤں سے تھا۔ وہ 1875ء میں کراچی منتقل ہو گئے اور وہ اس سے قبل ہی رشتہ ازدواج میں بندھ گئے تھے۔ کراچی کی معیشت ان دنوں ترقی کر رہی تھی اور 1869ء میں نہر سویز کنال کے کھلنے کا مطلب یہ تھا کہ کراچی بمبئی کے مقابلے میں یورپ سے 200 ناٹیکل میل قریب ہو گیا تھا۔

جناح کا اپنے بہن بھائیوں میں دوسرا نمبر تھا، ان کے تین بھائی اور تین بہنیں تھیں جن میں فاطمہ جناح بھی شامل تھی۔ ان کے والدین گجراتی زبان بولتے تھے جبکہ بچے کچھی زبان اور انگریزی بھی بولنے لگے تھے۔ سوائے فاطمہ کے، جناح کے باقی بہن بھائیوں کے متعلق کم ہی معلومات دستیاب ہیں جیسے کہ وہ کہاں رہے اور آیا کبھی وہ جناح کے وکالتی اور سیاسی میدان میں کامیابیوں کے دوران میں ان سے ملے بھی یا نہیں؟۔ لڑکپن میں جناح اپنی خالہ کے ہاں بمبئی میں بھی کچھ عرصہ رہے تھے جہاں شاید وہ گوکال داس تیج پرائمری اسکول میں پڑھے، بعد میں انہوں نے کیتھڈرل اینڈ جان کینون اسکول میں تعلیم حاصل کی۔ کراچی میں وہ سندھ مدرسۃ الاسلام اور کرسچن مشنری سوسائٹی ہائی اسکول میں داخل رہے۔

انہوں نے میٹرک جامعہ بمبئی کے ہائی اسکول سے کیا۔ ان کے اگلے سالوں بالخصوص ان کے وفات کے بعد بانی پاکستان کے لڑکپن کے حوالے سے کئی کہانیاں گردش کرتی رہیں، جیسے وہ اپنے فراغت کے اوقات پولیس اسٹیشن میں قانونی کارروائیوں کو دیکھنے میں صرف کرتے تھے، یا وہ گلی کی روشنی میں اپنے کتابیں پڑھتے تھے جس کی وجہ دیگر ذرائع سے محرومی تھی۔

انگلستان میں: اسی سال 1892ء میں وہ برطانیہ کی گراہم شپنگ اینڈ ٹریڈنگ کمپنی میں تربیتی پیش نامہ کے لیے گئے، یہ کام سر فریڈرک لیف کرونے انہیں دلوایا تھا جو ان کے والد پونجا بھائی جناح کے کاروباری شراکت دار تھے تاہم برطانیہ جانے سے پہلے انکی والدہ کے دباؤ پر ان کی شادی ایک دور کی رشتہ دار ایمی بائی سے کردی گئی، جو جناح سے عمر میں دو سال چھوٹی تھیں۔ تاہم یہ شادی زیادہ عرصے نہ چل سکی کیونکہ آپ کے برطانیہ جانے کے کچھ مہینوں بعد ہی ایمی جناح اور ان کی والدہ وفات پا گئیں۔ 1893 میں جناح کے خاندان والے بمبئی منتقل ہو گئے۔ لندن جانے کے کچھ عرصہ بعد آپ نے ملازمت چھوڑ دی جس پر ان کے والدان سے سخت ناراض ہوئے تھے جنہوں نے انہیں جانے سے قبل تین سال رہنے کا معقول خرچہ فراہم کیا تھا۔ وہ بیرسٹر کی ڈگری سے متاثر تھے لہذا انہوں نے لنکن ان میں داخلہ لے لیا بعد میں انہوں نے اس ادارے کو ان آف کورٹ پر فوقیت دینے کی یہ وجہ بتائی کہ لنکن ان میں داخل ہونے پر ان تمام رہنماؤں کے نام لکھے تھے جنہوں نے دنیا کو قوانین سے متعارف کرایا تھا جن میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام بھی درج تھا۔ جناح کے قانون کی تعلیم میں پیوپلیج (قانونی تربیتی پیش نامہ) نظام شامل تھا جو وہاں صدیوں سے لاگو تھا۔ قانون کا علم حاصل کرنے کے لئے وہ سینئر بیرسٹروں کی رہنمائی لیتے نیز وہ کئی قانونی کتابوں کا مطالعہ بھی کرتے۔ اس دور میں انہوں نے اپنا نام مختصر کر کے محمد علی جناح کر لیا تھا۔

اپنے طالب علمی کے دور میں وہ دیگر کئی ہندوستانی رہنماؤں کی طرح برطانوی روشن خیالی سے متاثر ہوئے۔ اس سیاسی رجحان میں جمہوری قومیت اور تعمیری سیاست بھی شامل تھی۔ مزید برآں وہ اس میدان میں ہندوستانی پارسی رہنما دادا بھائی نوروجی اور سر فیروز شاہ مہتہ سے متاثر ہونے لگے۔

اس دوران میں آپ نے دیگر ہندوستانی طلباء کے ساتھ مل کر برطانوی پارلیمنٹ کے انتخابات میں سرگرمی کا مظاہرہ کیا۔ ان سرگرمیوں کا اثر یہ ہوا کہ جناح وقت کے ساتھ ساتھ ہندوستان کی آئین ساز خود مختار حکومت کے نظریہ کے حامی ہوتے گئے اور آپ نے ہندوستانیوں کے خلاف برطانوی گوروں کے ہتک آمیز اور امتیازی سلوک کی مذمت کی۔ جب دادا بھائی نوروجی برطانوی ہندوستان کے پہلے رکن پارلیمنٹ بنے اور انہوں نے فنس بری سنٹرل میں تین ووٹوں کی اکثریت حاصل کی۔ تب جناح نے ناوروجی کی تقریر ہاؤس آف کامنز کے گیلری میں بیٹھ کر سنی۔

قانونی اور سیاسی زندگی: بیس سال کی عمر میں جناح نے بمبئی میں وکالت کی مشق شروع کی وہ اس وقت شہر کے واحد مسلم بیرسٹر تھے۔ وہ عادتاً انگریزی زبان استعمال کرتے تھے اور یہ عادت تمام عمر رہی۔ ان کی وکالت کے ابتدائی تین سال 1897ء تا 1900ء، کچھ خاص نا تھے۔ اس میدان میں ان کے روشن مستقبل کا آغاز اس وقت ہوا جب بمبئی کے ایڈوکیٹ جنرل، جان مولسور تھ مک پیٹسن، نے انہیں اپنے چیمبر سے کام کرنے کے لئے مدعو کیا۔ سال 1900ء میں بمبئی کے پریزیڈنسی مجسٹریٹ پی۔ ایچ۔ داستور، کی نشست وقتی طور پر خالی ہوگئی اور اس نشست کو بطور قائم مقام حاصل کرنے میں جناح کامیاب ٹھہرے۔ چھ ماہ اس عہدے پر فائز رہنے کے بعد جناح کو 1500 روپے ماہانہ تنخواہ کی مستقل حیثیت ملی۔ جناح نے یہ کہہ کر اسے ٹھکرا دیا، کہ وہ روزانہ 1500 روپے کمانا چاہتے ہیں۔ جو اس دور میں ایک بہت بڑی رقم تھی اور انہوں ایسا کر کے بھی دکھایا۔ نا صرف یہ بلکہ بطور گورنر جنرل پاکستان انہوں نے زیادہ تنخواہ لینے کی بجائے صرف ماہانہ ایک روپیہ لینا پسند کیا۔

بطور وکیل جناح کی وکالت نے 1907ء میں بے پناہ شہرت پائی جس کی وجہ ماہرانہ طور پر کاوکس کا مقدمہ لڑنا تھا۔ یہ مسئلہ بمبئی کے میونسپل انتخابات میں کھڑے ہوئے جب یورپیوں نے اپنے کاوکس (سیاسی جماعت کا نمائندہ) کے ذریعے ہندوستانی عہدیداروں کو دھاندلی پر مجبور کیا تا کہ سر فیروز شاہ مہتہ کو کونسل سے باہر رکھا جا سکے۔ اگرچہ وہ اس مقدمہ کو جیت نہ سکے لیکن ان کے قانونی منطقوں اور وکالتی انداز نے انہیں مشہور کر دیا۔

جاری صفحہ 3 پر

ایک کامیاب وکیل کے طور پراُن کی بڑھتی شہرت نے کانگریس کے معروف رہنما بال گنگادھر تلک کی توجہ اُن کی جانب مبذول کرائی اور یوں1905ء میں بال گنگا دھر تلک نے جناح کی خدمات بطور دفائی مشیر قانون حاصل کیں تا کہ وہ اُن پر سلطنتِ برطانیہ کی جانب سے دائر کیے گئے، نقضِ امن کے مقدمے کی پیروی کریں۔ جناح نے اس مقدمے کی پیروی کرتے ہوئے، اپنے موکل کے حق میں دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ایک ہندوستانی اگر اپنے ملک میں آزاد اور خود مختار حکومت کے قیام کی بات کرتا ہے تو یہ نقضِ امن یا غداری کے زمرے میں نہیں آتا لیکن اس کے باوجود بال گنگادھر تلک کو اس مقدمے میں قید بامشقت کی سزا سنائی گئی۔ لیکن جب1916ء میں ان پر دوبارہ یہی الزام عائد کیا گیا تو جناح اس بار ضمانت لینے میں کامیاب ہوئے۔

بمبئی ہائی کورٹ کے ایک بیرسٹر جو جناح کے ہم عصر تھے کہتے ہیں کہ جناح کو اپنے آپ پر نا قابل یقین حد تک اعتماد تھا، انہوں نے یہ بات اس واقعے کے تناظر میں کہی جب ایک دن کسی جج نے غصے میں جناح کو کہا کہ مسٹر جناح یاد رکھو کہ تم کسی تھرڈ کلاس مجسٹریٹ سے مخاطب نہیں ہو جناح نے برجستہ جواب داغ دیا جناب والا مجھے بھی اجازت دیجئے کہ میں آپ کو خبردار کروں کہ آپ بھی کسی تھرڈ کلاس وکیل سے مخاطب نہیں ہیں۔

سیاست کا آغاز: 1857ء کی جنگ آزادی میں بہت سے ہندوستانیوں نے حصہ لیا۔ جنگ کے بعد، کچھ انگلو ہندوستانیوں اور برطانیہ میں موجود کچھ ہندوستانیوں نے برصغیر کے لئے ایک وسیع خودمختاری کا مطالبہ کیا، ان مطالبات کے نتیجے میں1885ء میں آل انڈیا کانگریس کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اس جماعت کے قائدین میں سے اکثر برطانیہ سے پڑھے ہوئے تھے اور ان کے مطالبوں پر حکومت چھوٹے موٹے اصلاحات سامنے لاتی تھی۔ مسلمان برطانوی ہند میں جمہوری اداروں کے قیام میں زیادہ دلچسپی نہیں لیتے تھے، کیونکہ ان کی آبادی مجموعی آبادی کا ایک تہائی تھا جبکہ اکثریت ہندوؤں کی تھی۔ کانگریس کے ابتدائی اجلاسوں میں مسلمانوں کی شرکت کم تھی جن میں، زیادہ تر امیر طبقے کے تھے۔

جناح1920ء کے ابتدائی برسوں تک وکالت کی مشق کرنے میں مصروف رہے تھے لیکن وہ سیاست میں بھی دلچسپی لیتے تھے۔ جناح نے دسمبر1904ء میں بمبئی میں کانگریس کے بیسویں سالانہ اجلاس میں شرکت کر کے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز کیا۔ ان کا شمار کانگریس کے ان ارکان میں ہوتا تھا جو ہندو مسلم اتحاد کے حامی اور جدید خیالات کے مالک تھے ان میں مہتہ، ناروجی اور گوپال کرشنا گوکھالے شامل تھے۔ ان ارکان کے خیالات کی مخالفت کرنے والوں میں تلک اور لالا لجپت رائے شامل تھے جو آزادی کے لئے سریع رفتار عمل کے حامی تھے۔

1906ء میں جناح نے آل انڈیا کانگریس میں شمولیت اختیار کی جو اُس وقت ہندوستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت تھی لیکن اُس وقت کے دیگر کانگریسی رہنماؤں کی طرح جناح نے یکسر آزادی کی حمایت کرنے کی بجائے ہندوستان کی تعلیم، قانون، ثقافت اور صنعت پر برطانوی اثرات کو ہندوستان کے لئے موثر قرار دیا۔ جناح ساٹھ رکنی مرکزی مشاورتی کونسل (امپیریل لیجسلیٹیو کونسل) کے ممبر بن گئے لیکن اس کونسل کی اپنی کوئی حیثیت یا طاقت نہیں تھی اور اس میں شامل زیادہ تر افراد غیر منتخب، سلطنت برطانیہ کی زبان بولنے والے یورپی تھے۔ اس کے باوجود جناح متحرک رہے اور کم عمری کی شادی کے لئے قانون اور مسلمانوں کے وقف کے حق کو قانونی شکل دینے کے لئے کام کرتے رہے، انہی کاوشوں کے نتیجے میں سندھرسٹ کمیٹی بنائی گئی، جس نے ڈیرہ دون میں ہندوستانی فوجی اکادمی کے قیام میں کلیدی کردار ادا کیا۔ پہلی جنگ عظیم کے دوران میں جناح نے دیگر ہندوستانی ترقی پسندوں کے ساتھ برطانوی جنگ کی تائید کی، اس اُمید کے ساتھ کہ شاید اس کے صلے میں ہندوستانیوں کو سیاسی آزادی سے نوازا جائے۔

کانگریس سے علیحدگی: کانگریس میں جناح جیسے خیالات رکھنے والے ارکان کی کمی ہوئی جب مہتہ اور گوپال کرشنا گوکھلے1915ء میں انتقال کر گئے، اس تنہائی میں اسوقت مزید اضافہ ہوا جب دادابھائی نوروجی بھی لندن سدھار گئے جہاں وہ1917ء یعنی اپنی موت تک رہے۔ اسکے باوجود جناح نے مسلم لیگ اور آل انڈیا کانگریس کے درمیان میں فاصلوں کو مٹانے کی کوشش کی۔ 1916ء میں جب وہ مسلم لیگ کے صدر تھے، دونوں تنظیموں نے متفقہ طور پر میثاق لکھنو پر رضامندی ظاہر کی، اسکے تحت مختلف علاقوں میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے لئے خاص کوٹے رکھے گئے۔ اگرچہ اس معاہدے پر مکمل عمل درآمد نہ ہو سکا لیکن اس نے دونوں جماعتوں میں تعاون کی راہ ہموار کی۔ جنگ کے دوران میں جناح نے ان ہندوستانیوں سے اتفاق کیا جنکا خیال تھا کہ برطانیہ کی حمایت کرنے سے شاید گورے بطور انعام ہندوستانیوں کو آزادی دے دیں۔

1916ء میں جناح نے آل انڈیا ہوم رول لیگ کے قیام کے لئے کلیدی کردار ادا کیا۔ انہوں نے دیگر سیاسی رہنماؤں جیسے اینی بیسنٹ اور بال گنگادھر تلک کے ساتھ ''ہوم رول'' کا مطالبہ کیا جس کا مقصد ہندوستان کو سلطنت برطانیہ میں رہتے ہوئے کینیڈا، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا جیسی خودمختاری حاصل کرنی تھی لیکن جنگ کے بعد گوروں کی دلچسپیاں اِن ہندوستانی قانونی اصلاحات میں سرد پڑ گئی۔ برطانوی کیبنٹ وزیر ایڈون مونٹیگو اس دور کے جناح کو بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں ''جوان، مکمل طور پر باتمیز، متاثر کن۔ چہرہ، تیز لہجوں سے مسلح اور اپنے تمام منصوبے پر مصر''۔

1918ء میں جناح نے خود سے چوبیس سال کم عمر مریم جناح سے شادی کی۔ وہ انکے دوست سر دینشا ڈپیٹ کی جواں سال فیشن پسند بیٹی تھی جنکا تعلق بمبئی کے ایک امیر پارسی گھرانے سے تھا۔ اس شادی کی مخالفت مریم جناح کے گھر والوں اور پارسی برادری کی جانب سے خوب کی گئی ساتھ ہی کئی دیگر مسلم مذہبی رہنما بھی اس شادی کے خلاف تھے۔ رتن بھائی اپنے خاندان والوں کی مخالفت کے باوجود اسلام میں داخل ہوئیں اور انہوں نے مریم جناح کا نام اپنایا اگرچہ کبھی وہ اسے استعمال نہیں کرتی تھی اسطرح وہ اپنے خاندان اور پارسی برادری سے ہمیشہ کے لئے تعلق ختم کر بیٹھی۔ اس جوڑے نے اپنی رہائش بمبئی میں رکھی اور وہ شادی کے بعد ہندوستان اور یورپ کے کئی علاقوں میں تفریح کے لئے گئے۔ انکی واحد اولاد جو بیٹی دینا واڈیا تھی 15اگست1919ء کو پیدا ہوئی۔ 1929ء میں جناح کی بیوی کا انتقال ہوا اور فاطمہ جناح انکی اور انکی بیٹی کی دیکھ بھال کرنے لگی۔

1919ء کے دوران میں برطانیوں اور ہندوستانیوں کے مابین تعلقات کشیدہ



ہوئے جب انہوں نے جنگ کے دوران میں عوامی آزادیوں پر کئی طرح کی پابندیاں عائد کی۔ جناح نے اس دور میں استعفیٰ دیا۔ جلیانوالہ باغ امرتسر کے واقعہ کے بعد سارے ہندوستان میں بے چینی پھیلی جس میں برطانوی فوجیوں نے ہجوم پر فائرنگ کر کے کئی سو لوگوں کا قتل کیا تھا۔ جلیانوالہ باغ سانحے کے تناظر میں گاندھی کی ہندوستان واپسی ہوئی اور انہیں ہندوستان میں گرم جوشی سے خوش آمدید کہا گیا اس دور میں وہ کانگریس کے ایک پراثر اور قابل احترام رہنما ثابت ہوئے اور اسی دور میں انہوں نے برطانیوں کے خلاف ستیاگرا کی مہم چلائی وہ کئی مسلمانوں کے سامنے بھی متاثر کن شخصیت رکھتے تھے۔ جس کی وجہ تحریک خلافت میں گاندھی کی جانب سے مسلمانوں کے موقف کی حمایت تھی یہ مسلمان خلافت عثمانیہ سے روحانی طور پر منسلک تھے۔ لیکن پہلی جنگ عظیم میں عثمانی خلیفہ کو شکست کی وجہ سے اپنے تخت سے محروم ہونا پڑا۔ اس کے بعد اس مہم سے منسلک کئی مسلمان قتل یا قید کیے گئے اور ان مسلمانوں کی حمایت کی وجہ سے گاندھی نے مسمانوں میں اچھی خاصی شہرت کمائی۔ جناح نے گاندھی کے خلافت کے معاملے کو غلط سمجھتے تھے وہ اسے ''مذہبی جذبات کا بے جا اظہار'' کہتے۔ جناح نے گاندھی کے ستیاگرا مہم کو "سیاسی انارکی" سے تشبیہ دی وہ اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ خودمختار حکومت کا حصول قانونی طریقوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے گاندھی کی مخالفت کی، لیکن ہندوستانیوں کے نظریات کی موجیں انکے مخالف رہی۔ 1920ء میں ناگپور میں ہونے والے کانگریس کے سالانہ اجلاس میں کئی رہنماؤں نے جناح کے نظریات کی سخت مخالفت کی وہ اس بات پر مصر تھے کہ گاندھی کی ستیاگرا مہم کو ہندوستان کی آزادی تک چلایا جانا چاہئے۔ جناح نے اسی عرصے میں ہونے والے مسلم لیگ کے اجلاس میں شرکت نہیں کی یہ اجلاس بھی اسی شہر میں منعقد ہوئی تھی اور انہوں نے بھی اسی قسم کی قرارداد منظور کی۔ کانگریس کی جانب سے گاندھی کی مسلسل حمایت کی وجہ سے انہوں نے اس جماعت کے تمام عہدوں سے استعفاء دے دیا، لیکن وہ مسلم لیگ کے عہدوں پر فائز رہے۔

جداگانہ دوراوربرطانیہ میں سکونت: گاندھی اور تحریک خلافت کے مابین موجود اتحاد زیادہ عرصے نہ چل سکی اور مزاحمت کی یہ مہم امید سے کم ہی پر اثر ثابت ہوئی، جیسا کہ برطانوی ادارے بدستور کام کرتے رہے۔ جناح اس دور میں کانگریس کے مخالف میں ایک جماعت کھڑی کرنے اور نئے سیاسی خیالات کے متعلق سوچتے رہے۔ ستمبر1923ء میں جناح بمبئی کے سنٹرل لیجسلیٹو اسمبلی کے مسلم رکن منتخب ہوئے۔ وہ ایک فعال رکن پارلیمنٹ بن کر سامنے آئے اور انہوں نے کئی ہندوستانی ارکان کو سورج پارٹی کے ساتھ کام کرنے کے لئے منظم کیا، انہوں اس دور میں انہوں نے ایک ذمہ دار حکومت کا مطالبہ جاری رکھا۔ 1925ء میں انکے خدمات کے اعتراف کے طور پر روفس آئزکس جو وائسرائے کے عہدے سے سبکدوش ہونے والے تھے نے انھیں شہسوار کے خطاب سے نوازنے پر رضامندی ظاہر کی لیکن جناح نے جواب دیا، ''میں مسٹر جناح کو استعمال کرنا ترجیح دیتا ہوں''۔

1927ء میں کنزرویٹو پارٹی (برطانیہ) کے منتخب وزیر اعظم سٹینلی بالڈون نے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ1919 کے تناظر میں ہندوستانیوں کے حقوق کا از سر نو جائزہ لیا۔ سٹینلی نے اگلے انتخابات میں شکست کے خوف سے یہ جائزہ دو سال قبل شروع کیا۔ اسوقت کابینہ اپنے وزیر ونسٹن چرچل سے متاثر تھی جو ہندوستان کو خودمختاری دینے کے مخالف تھے، دیگر ارکان کا خیال تھا کہ اس کام کو جلد کرنے سے انکی حکومت برقرار رہے گی۔ اس فیصلے کے بعد1928ء میں لبرل پارٹی کے رکن پارلیمنٹ جاہن سمن کی قیادت میں جس میں کنزرویٹو پارٹی (برطانیہ) کی اکثریت نے مارچ میں ہندوستان کا دورہ کیا۔ لیکن انہیں مسلم و ہندو رہنماؤں سے بائیکاٹ کے سوا کچھ نہ ملا کیونکہ انہوں نے ان رہنماؤں کو کمیشن میں شامل کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ کچھ مسلم رہنماؤں نے مسلم لیگ سے علیحدگی کا فیصلہ کیا کیونکہ مسلم لیگ نے اس کمیشن کو خوش آمدید کرنے کا فیصلہ کیا تھا، لیکن اکثریت نے جناح سے وفاداری دکھائی اور انہوں نے دسمبر 1927ء اور جنوری1928ء کے اجلاسوں میں شرکت کی ان اجلاسوں نے جناح کو آل انڈیا مسلم لیگ کی مستقل صدرات سونپ دی۔ جناح نے کمیشن کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ''برطانیہ پر ایک قانونی جنگ مسلط کی جا چکی ہے۔ مسئلے کے حل پر مفاہمت کا مطالبہ ہمارے طرف سے نہیں آیا۔۔۔ گوروں سے پُر ایک کمیشن کے قیام سے لارڈ برکنہیڈ نے ہمیں خودمختار حکومت کو چلانے سے نااہل قرار دیا ہے۔

1928ء میں برکنہیڈ نے ہندوستانیوں کو اپنی جانب سے ہندوستان کے لئے قانونی تبدیلی کے لئے تجاویز تیار کرنے کا حکم دیا جواب میں آل انڈیا کانگریس نے موتی لال نہرو کی قیادت میں ایک رپورٹ پیش کی۔ کمیٹی کا مقصد ہندوستان کے لیے ہندوستانیوں کے ذریعے ایک ایسے آئینی ڈھانچے کو تشکیل دینا تھا جو ہندوستان میں آباد تمام قومیتوں کے لیے قابل قبول ہو یا جس کو کم از کم کانفرنس میں شریک تمام پارٹیوں کی حمایت حاصل ہو۔ اس کمیٹی نے جو آئینی رپورٹ تیار کی ہندوستان کی تاریخ میں اسے نہرو رپورٹ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ جناح کے نزدیک یہ رپورٹ مسلمانوں کے حقوق کا موثر حل نا تھی لہذا انہوں نے مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ایک الگ رپورٹ شائع کی جو جناح کے چودہ نکات کے نام سے معروف ہوئی۔ اس نکات کے ذریعے جناح کو امید تھی کہ لیگ کے باقی ماندہ ارکان بھی متحد ہو جائیں گے۔ لیکن کانگریس اور انگریزوں نے انکے ان نکات کو تسلیم نا کیا۔

بالڈون1929ء کے برطانوی انتخابات میں ہار گئے اور لبرل پارٹی کے رامسے مکڈونالڈ وزیر اعظم کے عہدے پر فائز ہوئے۔ انہوں نے ہندوستان کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے لندن میں ہندوستانی اور برطانوی سیاستدانوں کو مدعو کیا اس عمل کی حمایت جناح بھی کر چکے تھے۔ اس سلسلے میں تین گول میز کانفرنس اگلے کچھ سالوں تک ہوتے رہے جناح کو آخری کانفرنس میں مدعو نہیں کیا گیا ان کانفرنسوں سے مسئلے کے حل میں کوئی پیش رفت نا ہو سکی۔ جناح1930ء تا1934ء تک لندن میں قیام پذیر رہے اس دوران میں وہ پریوی کونسل میں بیرسٹر کی مشق کرتے رہے وہ اس دوران میں ہندوستان سے متعلق کئی معاملات کو بھی نبٹاتے رہے۔

1931ء میں فاطمہ جناح اپنے بھائی جناح کے ہاں لندن منتقل ہو گئیں۔ وہ انکی دیکھ بھال کرتی تھی کیونکہ وہ اب بوڑھے ہو چکے تھے نیز وہ پھیپھڑوں کی بیماری میں بھی مبتلا تھے جو جان لیوا ثابت ہو سکتی تھی فاطمہ جناح نے اپنے بھائی کی قریبی مشیر کی حیثیت حاصل کر لی تھی۔ جناح کی بیٹی ڈینا نے تعلیم برطانیہ اور ہندوستان میں حاصل کی۔ جناح اور انکی بیٹی کے مابین تعلقات اس وقت خراب ہوئے جب انکی بیٹی نے ایک عیسائی نیوائل واڈیہ سے شادی کرنے کا اردہ ظاہر کیا جو ایک پارسی امیر تاجر گھرانے سے تعلق رکھتا تھا۔ جبکہ جناح کی خواہش تھی کہ وہ ایک مسلمان سے شادی کرے لیکن انکی بیٹی جناح کو یہ کہتی کہ ''آپ نے بھی اپنے ہم مسلک سے شادی نہیں کی''۔ جناح نے اس معاملے کو نرمی سے حل کرنے کی کوشش کی لیکن باپ بیٹی کے رشتے میں فاصلے موجود رہے اور انکی بیٹی نے قیام پاکستان کے بعد جناح سے ملاقات نہ کی، البتہ وہ جنازے میں شریک تھی۔

جاری صفحہ4پر

علامہ اقبالؒ کے ذریعے جناح کی نظریاتی تبدیلی

علامہ اقبالؒ کے ذریعے جناح کی نظریاتی تبدیلی: ڈاکٹر محمد اقبال کے نظریات کا جناح پر بہت زیادہ اثر تھا، اور اسی اثر کے نتیجے میں پاکستان کے قائم ہونے کی راہ ہموار ہوئی اور اس اثر کو مصنفین نے زبردست، طاقتور اور نا قابل انکار تک لکھا ہے۔ محمد اقبال کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ انہوں نے جناح کو لندن میں خود ساختہ جلاوطنی کو ختم کر کے ہندوستان کی سیاست میں شامل ہونے پر بھی رضامند کر لیا تھا۔ اگر چہ ابتداء میں اقبال اور جناح دو مختلف خیالات کے مالک تھے جناح کے بارے میں اقبال کا خیال تھا کہ وہ ہندوستان میں موجود اپنے مسلم برادری کے بحران سے کنارہ کشی اختیار کئے ہوئے ہیں۔ اکبر صلاح الدین احمد کے مطابق اقبال کے خیالات میں بدلاؤ ان کے 1938ء میں وفات سے قبل نمودار ہوئے۔ اقبال آہستہ آہستہ جناح کے خیالات میں تبدیلی لانے میں کامیاب ٹھہرے اور جناح نے انکی صلاح قبول کر لی۔ احمد نے جناح کی طرف سے ڈاکٹر اقبال کو بھیجے گئے خط کا حوالہ دیا جس میں جناح نے اقبال کہ اس نظرئے کہ مسلمانوں کے لئے ایک الگ وطن ہونا چاہیے پر اتفاق کیا۔

اقبال کی وجہ سے جناح کے نزدیک مسلم تشخص ایک قابل ستائش چیز بھی ٹھہری۔ احمد کہتے ہیں کہ جناح نہ صرف اقبال سے اپنی سیاسی بلکہ ذاتی عقائد پر بھی متفق ہو گئے تھے۔ ان اثرات کے ثبوت 1937ء سے ظاہر ہونے شروع ہوئے، اس دور میں جناح اپنے تقاریر میں اسلام کے نظریات پر بات کرتے، وہ عوامی مقامات میں اسلامی روایات کا ذکر کرتے۔ احمد کے نزدیک جناح کے قول وعمل میں ''کچھ چیزیں بالکل بدل گئی تھیں''۔ لیکن جناح اب بھی اپنی تقاریر میں مذہبی آزادی اور اقلیتوں کے حقوق کی پاسداری کی بات کرتے وہ پیغمبر اسلام محمدؐ کی طرز حکمرانی کو نمونہ عمل سمجھتے۔ احمد کا دعویٰ ہے کہ جو مصنفین جناح کا ایک سیکولر خاکہ کھینچتے ہیں کو چاہئے کہ وہ انکی تقاریر سنیں اور اسے اسلامی تاریخ اور ثقافت کے تناظر میں پرکھیں۔ یہی تبدیلی تھی جس نے جناح کی گفتگو میں ایک واضح فطری اسلامی مملکت کا سوال پیدا کیا تھا۔ اسی تبدیلی نے جناح کے آخری ایام تک انہیں اقبال کے نظریات کا طالب بنا دیا وہ اقبالی نظریات جو کے اسلامی اتحاد، اسلامی نظریہ آزادی، انصاف اور مساوات، معیشت اور حتیٰ کہ نماز کے پڑھنے تک سے متاثر نظر آنے لگے۔

جناح اقبال کی سوچ سے کس حد تک متاثر تھے کا انداز 1940ء میں کی گئی انکی ایک عوامی تقریر سے لگایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ''اگر مستقبل میں ہندوستان میں ایک مثالی اسلامی مملکت قائم ہوئی اور مجھ سے کہا جائے کہ اس طرز حکمرانی اور اقبال کے کام میں بہتر کونسا ہے تو میں، موخر الذکر کو ہی چنونگا۔

سیاست میں واپسی: 1933ء میں ہندوستانی مسلمانوں بالخصوص متحدہ صوبوں کے مسلموں نے جناح سے دوبارہ آکر مسلم لیگ کی قیادت سنبھالنے کا کہنے لگے جو اب قدرے غیر متحرک ہو چکی تھی۔ وہ اب صرف نام کے ہی صدر تھے جب انہیں 1933ء کے سیشن کی صدارت کے لئے مدعو کیا گیا تو انہوں نے یہ کہہ کر معذرت کر لی کہ وہ اس سال کے اختتام سے قبل حاضر نہیں ہو سکتے۔ اس حوالے سے جن رہنماؤں نے جناح سے ملاقات کی ان میں لیاقت علی خان بھی شامل تھے جو بعد میں جناح کے قریبی مشیر طور پر سامنے آئے اور وہ پاکستان کے پہلے وزیر اعظم کے عہدے پر بھی فائز ہوئے۔ جناح کی واپسی کے حوالے سے لیاقت علی خان نے کئی مسلم رہنماؤں سے مشاورت کی اور انکے پیغامات جناح تک پہنچائے۔ 1934ء کے ابتداء میں جناح نے ہیمپسٹیڈ میں موجود اپنا مکان بیچ دیا اور اپنے قانونی مشق ختم کر دی تا کہ وہ واپس ہندوستان جا سکیں۔ بمبئی کے مسلمانوں نے اکتوبر 1934ء میں جناح کو مرکزی قانون ساز اسمبلی کے لئے اپنا نمائندہ نامزد کیا۔ برطانوی پارلیمنٹ نے حکومت ہند ایکٹ 1935 کے تحت صوبوں کو کچھ اختیارات دئے، جبکہ دلی میں مرکزی اسمبلی بنائی گئی جس کے پاس اختیارات نہ تھے مثلاً اس اسمبلی کو دفاع، خارجی امور اور بجٹ جیسے معاملات میں دخل کا حق حاصل نہ تھا۔ وائسرائے کو اختیار کل کا مالک بنایا گیا اور وہ اپنی مرضی سے اسمبلی اور قوانین کو جب چاہیں تحلیل کر سکتے تھے۔ مسلم لیگ نے اس منصوبے کو قبول کیا لیکن ساتھ ہی کمزور پارلیمنٹ کے معاملے پر اپنے خدشات کا اظہار کیا۔

کانگریس نے 1937ء کے انتخابات کے لئے خوب تیاری کر رکھی تھی جبکہ مسلم لیگ ان انتخابات میں بری طرح ناکام ہوئی حتیٰ کہ مسلم اکثریتی علاقوں میں بھی انہیں قابل ذکر کامیابی نہ مل سکی۔ اس جماعت نے دہلی میں اکثریت حاصل کی اور بنگال میں یہ فاتح جماعت کی اتحادی بنی۔ کانگریس اور انکے اتحادی جماعتوں نے شمال مغربی سرحدی صوبہ (1901–1955) میں بھی حکومت بنائی حالانکہ اس صوبے میں رہنے والے تمام لوگ مسلمان تھے۔

سنگھ کے مطابق یہ نتائج جناح کے لئے زبردست اور تقریباً صدمے تک کا باعث تھے۔ اسکے باوجود 20 سال تک جناح کے اس خیال کہ مسلمان متحدہ ہندوستان میں باوجود اقلیت میں ہونے کہ کچھ قانونی اصلاحات، مسلم صوبوں کی حد بندی سے اپنے حقوق کا تحفظ کر سکتے ہیں، جنکے متعلق جناح نے کبھی سوچا تھا کہ یہ مسلمانوں کی گروہی جھگڑوں سے ناکام ہو سکتا ہے۔'' سنگھ مسلم رہنماؤں پر 1937ء کے انتخابات میں ناکامی کے اثرات بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے ''جب کانگریس نے تقریباً تمام مسلم سیٹوں سمیت حکمت بنائی تو غیر کانگریسی مسلمان رہنما جب انکے مخالف اپوزیشن کرسیوں پر بیٹھے تو انہیں اچانک اس تلخ حقیقت کا ادراک ہوا کہ وہ کتنے بے اختیار ہیں۔ اگر کانگریس ایک بھی مسلم نشست نا جیتتی تو یہ انکے لئے بے حد اطمینان کا سبب ہوتا۔ جیسا کہ انہوں نے اسمبلی میں واضح اکثریت حاصل کر لی تھی لہازا وہ بلا شراکت غیرے حکومت بنانے کے مجاز تھے۔۔۔''

اگلے دو سالوں تک جناح مسلم لیگ کے لئے مسلمانوں کی حمایت حاصل کرنے کے لئے کام کرتے رہے۔ وہ بنگال اور پنجاب کی حکومت میں موجود تھے لہٰذا وہ وہاں سے مسلمانوں کے لئے آواز اٹھاتے رہے۔ نیز انہوں نے مسلم لیگ کو وسیع کرنے پر بھی کام کیا انہوں نے جماعت کے رکن بننے کی فیس کم کر کے دو آنے (1/8 روپے) کر دی جو پھر بھی کانگریس کے ممبر شپ فیس سے آدھے زیادہ تھے۔ انہوں نے کانگریس کی طرز پر مسلم لیگ کی ساخت تبدیل کی اور ورکنگ کمیٹی کو با اختیار بنایا جنہیں وہ خود منتخب کیا کرتے تھے۔ دسمبر 1939ء میں لیاقت علی خان کے اندازے کے مطابق دو آنے والے ارکان کی تعداد تین ملین (تیس لاکھ) تھی۔

پاکستان کے لئے جدوجہد: 1930ء تک اکثر مسلمانان ہند آزادی کے صورت میں ہندوں کے ساتھ ایک متحد مملکت میں رہنے کا خیال رکھتے تھے جیسا کہ وہ صدیوں سے رہتے آئے تھے اور یہی خیال ہندوں کا بھی تھا جو خود مختار حکومت کا مطالبہ کر رہے تھے۔ اسکے علاوہ کچھ قوم پرستانہ بنیادوں پر بھی تجاویز بنائی گئی تھیں۔ 1930ء میں خطبہ الہ آباد میں سر محمد اقبال نے مسلمانوں کے لئے ایک علیحدہ ریاست کا مطالبہ کیا۔ چوہدری رحمت علی نے 1933ء میں ایک اعلامیہ پاکستان نامی پمفلٹ شائع کی جس میں انہوں نے وادی سندھ کی جانب موجود علاقوں اور دیگر ہندوستانی مسلم اکثریتی علاقوں کو پاکستان کا نام دیا۔ جناح اور اقبال 1936ء اور 1938ء میں ملاقات کرتے رہے اور جناح نے اپنی تقاریر میں اقبال کے خواب کی حمایت کی۔ اگر چہ تمام کانگریسی رہنما ایک متحد طاقتور ملک کے لئے کام کر رہے تھے، کچھ مسلم رہنما جن میں جناح بھی شامل اس کے مخالف تھے وہ ان نظریات کی حمایت اپنی مسلک کے حقوق کی تحفظ کے یقین دہانی نا مل سکنے کے سبب کر رہے تھے۔ اس کے علاوہ کچھ مسلم سیاستدان کانگریس کے ہم خیال بھی تھے ان سب کے باوجود اس منظر میں ایسے کئی ہندو سیاستدان بھی تھے جو آزادی کی صورت میں ہندوستان کو سیکولر ریاست کے طور پر دیکھنا چاہتے تھے ان کے نزدیک آزاد ہندوستان میں گائے کی قربانی پر پابندی اور ہندی کو سرکاری زبان کا درجہ ملنا تھا۔ ہندو نواز کالم نگاروں کو روکنے سے کانگریسی بے بسی کی وجہ سے بھی ان کے حمایتی مسلمانوں کو کئی طرح کے خدشات کو سامنا کرنا پڑا۔ پھر بھی 1937ء تک کانگریس کے حمایتی مسلم تعداد قابل قدر حالت میں تھی۔

ان دو گروہوں میں مزید جدائی سامنے آئی جب یہ دونوں جماعتیں 1937ء کے انتخابات میں متحدہ صوبوں میں اتحادی جماعت بنانے میں ناکام نظر آئے۔ مورخ آیان ٹالبوٹ لکھتے ہیں'' کانگریس کی صوبائی حکومتوں نے مسلم آبادی کو سمجھنے اور انکے مذہبی حساسیت کو احترام کرنے کے لئے کوئی بھی اقدام نا اٹھائے۔ جبکہ اس دور میں مسلم لیگ مسلمانوں کے حقوق کا دعویٰ کرتی تھی۔ اور بڑی بات یہ کہ مسلم لیگ نے اسی کانگریسی حکومتی ادوار کے فوراً بعد پاکستان کا مطالبہ اٹھایا۔

دوسری جنگ عظیم اور قرارداد لاہور: برطانوی وزیر اعظم نوائل چیمبرلین نے 3 ستمبر 1939ء کو نازی جرمنی کے خلاف جنگ کا اعلان کر دیا اور اسکے ساتھ ہی وائس رائے ہند وکٹر ہوپ نے ہندوستانی سیاستدانوں کو کسی خاطر میں لائے بغیر جنگ میں برطانیہ کا بھر پور ساتھ دینے کا فیصلہ کیا۔ اس عمل پر برصغیر میں بڑے مظاہرے ہوئے۔ جناح اور سے ملاقات کے بعد وائسرائے نے یہ موقف اپنایا کہ جنگ کی وجہ سے خود مختار حکومت کا معاملہ معطل کیا گیا ہے۔ کانگریس نے ایک قانونی اسمبلی سے قانون کو بنانے اور آزادی کا مطالبہ کیا، جب اس مطالبے کو مسترد کیا گیا تو کانگریس 10 نومبر کو اپنے آٹھ صوبائی حکومتوں سے مستعفی ہوگئی ان صوبوں میں جنگ کے دوران معاملات کو گورنر چلاتے رہے۔ اس دوران میں جناح دوسری طرف انگریزوں کی حمایت کرنے لگے جس کے سبب انگریز انہیں مسلم آبادی کا نمائندہ سمجھنے لگے۔ جناح بعد میں کہتے ہیں کہ جنگ کے شروع ہونے کے بعد انگریز انہیں گاندھی کے برابر اہمیت دینے لگے۔ میں حیران تھا کہ مجھے گاندھی کی ساتھ والے نشست پر بٹھایا جاتا۔ اگر چہ مسلم لیگ نے جنگ میں برطانیہ کی متحرک طور پر حمایت نا کی اور نا ہی انہوں نے اس میں رکاوٹ ڈالی۔

جب مسلمان گوروں سے مکمل تعاون کرنے لگے تو وائسرائے نے جناح سے حکومتی خودمختاری کے متعلق مسلم لیگ کی رائے پوچھی یہ سوچ کر کہ لیگ کے خیالات کانگریس سے مکمل مختلف ہونگے۔ اس مقام پر پہنچ کر لیگ کے ورکنگ کمیٹی نے فروری 1940ء میں چار دن قانونی کمیٹی کو بھیجنے والی سفارشات پر کام کیا۔ اس کمیٹی نے جو مطالبے سب کمیٹی کو بھیجے انمیں کہا گیا کہ ''مسلم اکثریتی علاقوں میں آزاد ریاست قائم ہو اور یہ معاملات سیدھے برطانیہ کی انتظام میں مکمل ہوں'' 6 فروری کو جناح نے وائسرائے کو آگاہ کیا کہ لیگ 1935 ایکٹ پر چلتے ہوئے وفاق کے ماتحت بننے کے تقسیم کا مطالبہ پیش کرے گی۔ قرارداد لاہور (جو قرارداد پاکستان کے نام سے معروف ہے اگر چہ اس میں یہ نام استعمال نہیں کیا گیا) اسی سب کمیٹی کے کام پر مشتمل تھی نیز اس نے دو قومی نظریہ شمال مغربی مسلم اکثریتی علاقوں کے انضمام کے لئے اپنایا، جس میں انہیں مکمل خودمختاری دینے کا مطالبہ کیا گیا۔ اسی طرح کے حقوق کا مطالبہ مشرقی علاقوں کے لئے بھی مانگا گیا اس میں دیگر صوبوں میں موجود اقلیتوں کا بھی خاص ذکر کا گیا۔ اسے مسلم لیگ کے لاہور سیشن میں 23 مارچ 1940ء کو منظور کیا گیا۔

گاندھی نے اس عمل کو خاموش رہتے ہوئے ''حیران کن'' قرار دیا لیکن انہوں نے ساتھ ہی اپنے پیروکاروں سے کہا کہ مسلم اقوام بھی اپنے خودمختاری کا مطالبہ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

جب کہ کانگریس کے دیگر رہنما نے اس پر بہت رد عمل دکھایا جواہر لعل نہرو اسے جناح کے ''تخیلاتی تجاویز'' قرار دی جبکہ چکرورتی راجگو پال آچاریہ نے جناح کے تقسیم کی تجویز کو ''ذہنی بیماری کی علامت'' قرار دی۔ 1940ء میں جناح کے وائسرائے سے ملاقات ہوئی اور اسی دوران میں ونسٹن چرچل وزیر اعظم بنے، انہوں نے اگست میں کانگریس اور لیگ دونوں کو یہ یقین دہانی کرائی کے جنگ میں تعاون کرنے کے صلے میں وائسرائے ہندوستانی نمائندوں کو برطانیہ کے سامنے اپنے تجاویز رکھنے کی اجازت فراہم کرے گا۔ وائسرائے نے ان نمائندوں سے وعدہ کیا کے جنگ کے بعد ہندوستان کی قسمت کا فیصلہ کیا جائیگا اور کسی بھی بڑی آبادی کی مرضی کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کیا جائیگا، اگر چہ کانگریس اور لیگ کو ان وعدوں پر زیادہ اعتبار نہ تھا لیکن جناح خوش تھے کہ گورے انہیں مسلمانوں کے معاملات میں انکا نمائندہ سمجھ کر شریک کرتے ہیں۔ جناح پاکستان کی سرحدی حد بندی، برطانیہ سے باقی برصغیر سے تعلق کے حوالے سے تجاویز دینے پر تذبذب کا شکار رہتے کہ کہیں اس سے لیگ میں کہیں فرقہ نا بن پڑے۔

جاپانیوں نے دسمبر 1941ء کو پرل ہاربر حملہ کر کے امریکہ کو جنگ میں کودنے کا موقع فراہم کیا۔ اور انہی ادوار میں جاپانی فوجوں نے جنوب مشرقی ایشیا کی جانب پیش قدمی شروع کی تو برطانوی کیبنٹ نے ایک مشن جس کی قیادت سر سٹیفورڈ کرپس کر رہے تھے ہندوستان میں بھیجی اس مشن کا مقصد ہندوستانی رہنماؤں سے جنگ کے لئے بھر پور تعاون مانگنا تھا۔ کرپس نے کچھ صوبوں کو یہ بھی تجویز دی کہ ان کی مرضی آیا وہ کچھ عرصے کے لئے خودمختار رہیں یا ہمیشہ کے لئے یا مستقبل میں کسی بھی ملک کے ساتھ ضم ہو جائیں۔ چونکہ مسلم لیگ مشرقی بنگال کے ہندو علاقوں میں ووٹ نا لے سکتی تھی لہاذا جناح نے اس تجویز کو مسترد کر دیا۔ کانگریس نے بھی اس تجاویز کی مخالفت کی اور فوری مراعت دینے کا مطالبہ کیا جس کے لئے کرپس تیار نہ تھے۔ اسکے باوجود جناح اور لیگ کے رہنما کرپس کے معاملے کو پاکستان کے بنیادی مطالبے کو تسلیم کرنے سے تشبیہ دی۔

کرپس مشن کے ناکام ہونے پر کانگریس نے اگست 1942ء کو کوائٹ انڈیا مہم چلائی اور آزادی تک ستیا گرا کی مہم دوبارہ چلانے کا فیصلہ کیا۔ برطانیہ نے بدلے میں جنگ کے خاتمے تک تمام کانگریسی رہنماؤں کو قید کئے رکھا۔ گاندھی کو گوروں نے گرفتار کیا اور انہیں گھر میں نظر بند رکھا گیا لیکن انکی طبیعت کی ناسازی کے سبب انہیں 1944ء میں رہا کر دیا گیا۔ کانگریس کے رہنماؤں کی سیاسی منظر نامے سے گمشدگی کے دوران میں جناح نے تحریک پاکستان خوب چلائی۔ جناح نے اس دوران میں صوبوں میں بھی لیگ کو سیاسی طور پر مضبوط کیا۔ انہوں نے دلی سے 1940ء میں انگریزی اخبار ڈان کا اجراء کیا جس میں وہ لیگ کے پیغامات کو پھیلاتے اور بعد میں یہ پاکستان کے بڑے انگریزی اخبارات میں شامل ہوئی۔

گاندھی نے 1944ء میں اپنی رہائی کے بعد بمبئی کے مالابار پہاڑی میں موجود جناح کے گھر میں ان سے ملاقات کی۔ دو ہفتے چلنے والی اس ملاقات سے کوئی نتیجہ برآمد نا ہو سکا۔

جاری صفحہ 5 پر

جناح کو اصرار تھا کہ گوروں کے انخلاء سے قبل ہی برصغیر کو تقسیم کیا جانا چاہیے اور انکے انخلاء کے فوراً بعد ہی پاکستان کو آزادی حاصل ہونی چاہیے جبکہ گاندھی کا موقف یہ تھا کہ انگریزوں کے انخلاء کے بعد تقسیم کے لئے استصواب رائے معلوم کی جائے۔ 1945 میں جنگ کے بعد لیاقت علی خان اور بھولا بھائی دیسائی میں ملاقات ہوئی دونوں نے اس امر پر اتفاق کیا کہ کانگریس اور لیگ ایک قائم مقام حکومت بنائی گی اور وائسرائے کے ایگزیکٹیو کونسل میں دونوں جماعت کے ارکان کی تعداد برابر ہوگی۔ جب 1945ء میں کانگریس کے دیگر ارکان جیل سے رہا ہوئے تو انہوں نے دیسائی کے عمل کی مخالفت کی اور کہا کہ دیسائی نے اپنے اختیار سے بڑھ کر کام کیا ہے۔

جنگ کے بعد: آرچیبالڈ ویول نے 1943ء میں سبکدوش ہونے والے وائسرائے کی جگہ لی۔ اس نئے وائسرائے نے جون 1945ء میں تمام جماعتوں کے معروف رہنماؤں کو شملہ میں مدعو کر کے ایک کانفرنس کا انعقاد کیا۔ انہوں نے لیاقت اور دیسائی کی طرز پر ایک وقتی حکومت کی تجویز دی۔ لیکن وہ اس بات پر رضامند نا تھے کہ مسلمانوں کے لئے مختص نشستوں پر صرف مسلم امیدوار کھڑے کئے جائیں۔ تمام مدعو رہنماؤں نے اپنی اپنی جماعت کے امیدواروں کی فہرست وائسرائے کے ہاں جمع کی۔ لیکن انہوں نے جولائی کے وسط میں اس عمل کو روک دیا، جس کی وجہ چرچل حکومت کا خیال تھا کہ یہ عمل کامیاب نا ہوسکے گا۔

برطانوی عوام نے اگلے انتخابات میں لیبر پارٹی کے کیمنٹ اٹلی کو منتخب کیا۔ اٹلی اور انکے مشیر برائے ہندوستان لارڈ پیتھک لارنس نے ہندوستانی حالات کے جائزے کے لئے ایک جائزہ لینے کا حکم جاری کیا۔ جناح نے برطانوی حکومت کی تبدیلی پر کوئی تبصرہ دینے کے بجائے، اپنی ورکنگ کمیٹی کا ایک اجلاس بلایا جس میں انہوں نے ہندوستان کے لئے نئے انتخابات کا مطالبہ کیا۔ اسوقت لیگ صوبائی سطح پر کافی جڑیں پکڑ چکی تھی نیز جناح کا خیال تھا کہ وہ اپنے دیگر اتحادیوں کے ساتھ انتخابات میں مسلم علاقوں کی نشستوں میں اکثریت حاصل کر کے اپنے مسلم اقوام کے واحد نمائندہ جماعت ہونے کے اس دعویٰ کو سچ ثابت کر سکے گی۔ وائسرائے نے لندن میں اپنے حکام سے مشارت کے بعد ستمبر میں ہندوستان کا رخ کیا اور اسکے فوراً بعد صوبائی اور مرکز کے انتخابات کا اعلان کیا گیا۔ برطانیہ کا یہ عمل اس بات کا اشارہ تھا کہ قانون بننے کا عمل ووٹنگ کے بعد ہی شروع کیا جائے گا۔

مسلم لیگ نے یہ بات واضح کر دی کہ وہ صرف پاکستان کے مطالبہ پر ہی انتخابی مہم چلائی گی۔ احمد آباد میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا "پاکستان ہمارے لئے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے"۔ دسمبر 1945ء کے کونسٹیٹیوینٹ اسمبلی آف انڈیا کے انتخابات میں مسلم لیگ نے مسلمانوں کے لئے مختص تمام نشستیں جیت لی۔ جبکہ صوبائی نشستوں میں اس نے 75 فیصد زائد نشستیں جیتی جبکہ انہیں انتخابات میں اس نے 1937ء میں صرف 4.4 فیصد جیتی تھی۔ کانگریس اگرچہ اب بھی جنرل اسمبلی میں اکثریت میں تھی لیکن اب انکے پچھلے چار نشستیں کم ہو گئیں تھی۔ اس دوران میں محمد اقبال نے جناح کو غلام احمد پرویز سے متعارف کروایا جنھیں جناح نے ایک میگزین طلوع اسلام کی ادارت کی ذمہ داری سونپی، اس رسالے میں مسلمانوں کے علیحدہ ریاست کے مطالبے کا پرچار کیا جاتا تھا۔

